بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقیاسِ مناظرہ

جنید زماں پیرِ طریقت مناظرِ اسلام

ابو عبدالوہاب مولانا محمد عمر اچھروی علیہ الرحمۃ

مکتبہ سلطانیہ — مدینہ منزل

۸۰۔ اے جناح کالونی بسطامی روڈ سمن آباد لاہور

فون نمبر: ۷۵۸۴۳۵۷

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا ایھا الذین امنوا ان جاءکم فاسق بنبإ فتبینوا ان تصیبوا قوما بجھالۃ فتصبحوا علی ما فعلتم نادمین ۝

فتوحاتِ احناف

مقیاسِ مناظرہ

اہلِ سنت وجماعت احناف کے غیر مقلدین وہابیوں سے چند مناظروں کی روداد

مناظرِ اسلام مولانا محمد عمر صاحب اچھروی رحمۃ اللہ علیہ

الناشر

مکتبہ سلطانیہ ــ مدینہ منزل

بسطامی روڈ جناح کالونی ۸۰، اے سمن آباد، لاہور

ملنے کا پتہ

صاحبزادہ حافظ سلطان باہو صدیقی بن مولانا محمد عمر صاحب

محمد عمر حافظ صاحب کیا آپ نے حفظ امن کی تحریر جانبین سے لکھوالی ہے ؟

عبدالقادر، صاحب نہیں ۔

منتظم مناظرہ وبہ شیر محمد تحریر کی ضرورت نہیں ہم ذمہ دار تمہارے سامنے ہیں کوئی گڑبڑ نہیں ہو سکتی تم دونو ہمیں کوئی مسئلہ حل کر دو تاکہ ہماری تسلی ہوجائے کہ سچ کیا ہے اور جھوٹ کیا ہے ۔

عبدالقادر، بس بس ٹھیک ہے کوئی ضرورت نہیں !

محمد عمر، حافظ صاحب تمہیں یاد ہوگا کہ کھنڈا موڑ ضلع شیخوپورہ میں تاریخ ۳۰ ۴/۵۲ کو تمہارے ساتھ اس موضوع پر مناظرہ ہوا کہ وہابی حلالی ہیں یا حرامی تمام دن مناظرہ رہا تو تم حلالی ثابت نہ کر سکے اب مناظرے کی کیا ضرورت ہے ۔

عبدالقادر، بس بس پچھلی باتیں چھوڑو اب اس موضوع پر بات کرنی ہے کہ حضور کو علم غیب تھا یا نہ ؟

محمد عمر، حافظ صاحب کوئی آپس کے مسئلے کی بات کریں مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کرنے کی کیا ضرورت !

عبدالقادر، نہیں نہیں اسی موضوع پہ مناظرہ ہوگا ۔

محمد عمر، اچھا شرائط مناظرہ لکھ دو میں بھی لکھ دیتا ہوں ۔

حافظ صاحب نے لکھ دیا کہ اہل توحید کی طرف سے مناظر حافظ عبدالقادر روپڑی ہوگا ۔

محمد عمر، حافظ صاحب یہ کیا لکھ دیا یہ اہل توحید کوئی نیا مذہب نکلا ہے جس کے تم نمایندے بن کر آئے ہو ؟